سوال نمبر:403

منجانب:- **جناب صلاح الدین صاحب، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخوا۔**

نمبر شمار	سوال	جواب
(ا)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:- آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حلقہ پی کے 71 میں سول ڈسپنسری سلمان خیل کام کر رہی ہے؟	جی ہاں
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ اُس کی باؤنڈری وال کا ذیادہ حصہ خراب ہو چکا ہے چوکیدار بھی نان لوکل ہے اور اکثر اوقات کار میں موجود نہیں ہوتا؟	اس سلسلے میں عرض ہے کہ مذکورہ ڈسپنسری کی باؤنڈری وال ماضی میں بم دھماکے میں خراب ہو چکی ہے اور اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ (ناظم) کے ساتھ رابطہ ہو چکا ہے اور توقع ہے کہ موجودہ مالی سال میں انکی مرمت ہو جائے گی چونکہ ڈسپنسری کی مرمت ضلعی حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے۔ جہاں تک چوکیدار کا تعلق ہے وہ اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے۔
(ج)	آیا یہ بھی درست ہے کہ لٹرین و بجلی وغیرہ سسٹم مکمل طور پر خراب ہے؟	جی ہاں اس سلسلے میں بھی ضلع حکومت کے ساتھ رابطہ جاری ہے اور یہاں پر سولر سسٹم لگانے پر غور کیا جا رہا ہے۔
(د)	اگر (ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ مذکورہ ڈسپنسری کی کب تک تعمیر و مرمت اور دیگر سہولیات میسر کرے گا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	جیسا کہ جز (ب) میں درج ہے۔